نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سفید مکھی اور ملی بگ کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:29جولائی2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار سفید مکھی کے موثر تدارک کے لئے ابتداء میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال کم کریں اور ہفتے میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور اگر سفید مکھی کی معاشی حد 5 بالغ یا بچے فی پتا نظر آئیں تو فورا محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی ماہرین کے مشورے سے سپرے کریں۔ کپاس کے کاشتکار سات دنوں کے وقفہ کے بعد دوسرا سپرے کریں اور ہالو کون نوزل کا استعمال کیا کریں اور سپرے ترجیحاً صبح یا شام کے وقت کریں۔ مطلوبہ بہتر نتائج کیلئے 100 تا120 لٹر پانی کا استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے کھیتوں میں پیلے رنگ کے لیس دار کارڈز کا استعمال کریں اور انہیں ہر 15 دن کے وقفہ سے تبدیل کرلیں۔ اس کے علاوہ کاشتکارو نائٹروجنی کھاد کی آخری قسط ماہ اگست کے اندر مکمل کرلیں۔ کاشتکار ملی بگ کے تدارک کیلئے متاثرہ پودوں کی نشاندہی کرلیں۔ اگر ملی بگ کا ابتدائی حملہ ٹکڑیوں کی صورت میں ہو تو متاثرہ پودوں کو اکھاڑ کر زمین میں دبادیں۔ متاثرو پودوں پر زیادہ حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہریں کے مشورہ سے سپرے کریں۔ ملی بگ کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ فصل پر سپرے کریں۔ کاشتکار سپرے کیلئے ہالو کون نوزل اور بڑی فصل پر سپرے کیلئے بوم سپرئیر کا استعمال کریں۔ ملی بگ افراد کے جسم یا سپرے مشینری سے چپک کر صحتمند پودوں کو نقصان پہنچاسکتی ہے لہذا کاشتکار سپرے کے فورا بعد مشینری اور حفاظتی لباس کو اچھی طرح دھولیں ۔

☆☆☆☆